شہزادی کونین علیہا السلام

اردو زبان میں کتاب شہزادی کونین علیہا السلام شہر راولپنڈی، پاکستان سے تعلق رکھنے والے مصنف و محقق افتخار احمد حافظ قادری کی تصنیف لطیف ھے جو راولپنڈی سے نومبر 2018ء میں زیور طباعت سے آراستہ ھو کر منظر عام پر آئی اور مصنف کی طرف سے بارگاہِ جگر گوشہ نبی الحرمین، بانوئے ولی الدارین، ام الحسن والحسین میں ایک گلدستہ عقیدت کی صورت میں پیش کی گی ھے- 212 صفحات پر مشتمل یہ بابرکت کتاب خاتون جنت رضی اللہ عنہا کے احوال آثار اور مناقب سے مزین ھے جو پانچ ابواب پر مشتمل ھے- باب اول وباب دوم سیدہ کائنات کے احوال آپ رضی اللہ عنہا کا مقام ولادت، اسم مبارک ، وجہ تسمیہ نام فاطمہ وزھراء، کنیت، القابات، تربیت، والدہ ماجدہ، برادران، ھمشیرگان، ھجرت مبارکہ، شادی مبارکہ، سیدہ کی خوشدامن، سیدہ کی اولاد مبارکہ، شمائل و خصائل وعبادت و ریاضت، سخاوت، اھل بیت کی محبوب شخصیت۔۔۔۔۔ کا خصوصیت سے ذکر خیر ھے۔ باب سوم میں سیدہ کائنات کا سفر آخرت، جنازہ مبارکہ، مزار پر انوار، مخدومہ کے بارے میں وارد مشہور احادیث و روایات اور آپ کے اوراد و وظائف کا خصوصی ذکرِ جمیل ھے۔ کتاب کا باب چھارم گلدستہ احادیث نبویہ در شان سیدہ کائنات سے مزین ھے اور باب پنجم مناقب در زبان عربی فارسی اردو اور سلام سے مزین اور کتاب کا اختتام نسب شریف کے درودوسلام کے صیغہ جات سے مہک رھا ھے۔ مصنف کتاب ھذا کی اھل بیت کے موضوع پر دوسری کتب

شان علی بزبان نبی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم

فضائل حسنین کریمین بزبان وسیلتنا فی الدارین

فضیلت اھل بیت نبوی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم۔

شان بتول بزبان رسول صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم

ماخوذ از کتاب شہزادی کونین علیہا السلام

تحریر و پیشکش

افتخار احمد حافظ قادری